آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 38 | بروز جمعہ 08 مئی 2026ء بمطابق 20 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 104

خیبر سے کراچی تک خطے میں امن اور جانیں بچانے کیلئے پوری قوم متحد ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت تمام صوبوں اور علاقوں کو یکساں ترقی کیلئے ساتھ لے کر چلنے کی اہمیت پر زور

پاکستان نے امریکہ ایران جنگ رکوانے اور خطے میں امن کیلئے جو کردار ادا کیا تاریخ اسے یاد رکھے گی، شہباز شریف

گلگت (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت تمام صوبوں اور علاقوں کو یکساں ترقی کیلئے ساتھ لے کر چلنے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پسماندہ علاقوں میں بھی اپنی سن کے معیار کی تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جہاں ہونہار بچے مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں، گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ شمسی توانائی کا منصوبہ آئندہ سال مکمل ہو جائیگا، میرٹ پر لیپ ٹاپس کی فراہمی سے نوجوان اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوں گے، پاکستان نے امریکہ ایران جنگ رکوانے اور خطے میں امن کیلئے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مولانا عبدالواسع کی ملاقات

پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کر چکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے انکی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گلگت، وزیراعظم شہباز شریف زرعی قرضوں کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

معرکہ حق نے قوم کو اعتماد اور قوت دی، دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، افواج پاکستان

بھارتی فوج اس آپریشن کا مردانہ نام رکھ لے، سندور عورتیں لگاتی ہیں، پہلگام واقعہ کو ایک سال مکمل ہو گیا، پاکستان نے جو سوالات اٹھائے تھے وہ اب بھی جوں کے توں موجود ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

بھارت کیلئے نصیحت ہے کہ سچ بولنا سیکھے، بھارت کشمیریوں اور منی پور میں مظالم ڈھا رہا ہے، بھارت کیوں اپنے ایڈمرل، جنرل اور مارشل کا مذاق بنوا رہا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

پاک فوج نے اپنی سیاسی و عسکری قیادت کے ویژن کے مطابق اپنے سے 10 گنا بڑے دشمن کو شکست دی، معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کی طرف سے عوام کو مبارکباد دیتا ہوں، پریس کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں اللہ کے فضل سے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دی، بھارتی فوج اس آپریشن کا مردانہ نام رکھ لے، سندور عورتیں لگاتی ہیں، پہلگام واقعہ کو ایک سال مکمل ہو گیا، پاکستان نے جو سوالات اٹھائے تھے وہ اب بھی جوں کے توں موجود ہیں، جواب دیں کون لوگ تھے جنہوں نے یہ کروایا؟، بھارت بتائے کس دہشت گرد کیمپ کو نشانہ بنایا؟ پاکستان میں جو بھی دہشت گردی ہے وہ بھارت کی ایما پر کی جارہی ہے، کشمیر بھارت کا حصہ نہیں ہے یہ بین الاقوامی تسلیم شدہ تنازع ہے، بھارت کیلئے نصیحت ہے کہ سچ بولنا سیکھے، بھارت کشمیریوں اور منی پور میں مظالم ڈھا رہا ہے، بھارت کیوں اپنے ایڈ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

اسحاق ڈار کی سنگاپور کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

دونوں ممالک کے متعلقہ حکام کے درمیان قریبی رابطہ رکھا جائے گا، اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو سنگاپور کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ویوین بالاکرشنن سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سنگاپور کے وزیر خارجہ نے خطے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

سفارتی حل کیلئے تیار، قومی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون سے ٹیلیفونک گفتگو میں کہا ہے کہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

وزیر ریلوے کی ایرانی سفیر سے ملاقات، ریلوے تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

پاکستان کا ایک مرتبہ پھر امن، مذاکرات اور سفارتی ذرائع سے مسائل کے حل کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے نے پاکستان میں تعینات ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات، ریلوے تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

غزہ، گرمی کے آتے ہی پناہ گزین کیمپوں میں جلد کی بیماریاں پھیلنے لگیں

غزہ (این این آئی) غزہ کے پناہ گزین کیمپوں میں جلد کی بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں جبکہ اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ گرمی بڑھنے کے ساتھ صحت کا نیا بحران جنم بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

فیلڈ مارشل کی کاوشیں تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی، شہباز شریف

سیاسی، عسکری قیادت نے دن رات ایران سے رابطے کر کے جنگ رکوائی پھر توسیع بھی کروائی، وزیراعظم

گلگت (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ایران امریکا جنگ رکوانے کیلئے پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا، سیاسی، عسکری قیادت نے دن رات ایران سے رابطے کر کے جنگ رکوائی اور پھر توسیع بھی کروائی، فیلڈ مارشل کی کاوشیں تاریخ بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

جھل مگسی مسافر کوچ کھائی میں گرنے سے 8 افراد جاں بحق 30 زخمی

پولیس کے مطابق خضدار سے جھل مگسی آنے والی مسافر کوچ M8 شاہراہ ساوندی اور باریجہ کے درمیان ایریا میں تیز رفتار کے باعث بے قابو ہو کر ندی میں الٹ گئی

واقعے میں مرنے اور زخمیوں کو گنداواہ اور بی ایچ یو باریجہ منتقل کر دیا گیا ڈی ایچ او جھل مگسی کے مطابق سات زخمیوں کو مزید علاج کیلئے لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے مسافر کوچ کھائی میں گرنے سے آٹھ افراد جاں بحق جبکہ تیس زخمی ہو گئے مرنے والوں میں ایک خاتون کم سن بچہ سمیت دیگر شامل زخمیوں میں سے سات کی حالت نازک لاڑکانہ ریفر۔ پولیس کے مطابق خضدار سے جھل مگسی آنے والی مسافر کوچ M8 شاہراہ ساوندی اور باریجہ کے درمیان ایریا میں تیز رفتار کے باعث بے قابو ہو کر ندی میں الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک خاتون کم سن بچے سمیت اٹھ افراد بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے گورنر اور نگران وزیر اعلیٰ سے ملاقاتیں، ترقیاتی منصوبوں، امن وامان کی صورتحال پر گفتگو

گلگت (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف گلگت بلتستان کے ایک روزہ دورے پر گلگت پہنچنے پر گورنر سید مہدی شاہ اور نگران وزیر اعلیٰ جسٹس (ر) یار محمد بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی ہیکڈ دورے کے موقع پر جاری منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کامیاب ثالثی کردار ادا کر رہا ہے، طاہر اندرابی

ایران، امریکہ جنگ بندی معاہدے پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں ہوگی یا کہیں اور کہنا قبل از وقت ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کامیاب ثالثی کردار ادا کر رہا ہے، معاہدے پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں ہوگی یا کہیں اور یہ کہنا قبل از وقت ہے۔ ہفتہ وار میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کے ساتھ مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کوئٹہ۔ تفتان شاہراہ پر تراسی لانڈی کے قریب ٹریفک حادثے میں ٹرالر ڈرائیور جاں بحق

کے مطابق تفتان سے کوئٹہ جانے والا ایک ٹرالر تراسی لانڈی کے مقام پر سڑک کنارے پڑی بجری کے ڈھیر سے ٹکرا کر الٹ گیا، جس کے نتیجے میں ٹرالر ڈرائیور عیسیٰ خان ولد محمد عظیم، سکنہ کوئٹہ، موقع پر ہی جان کی بازی بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

امریکی سٹاک مارکیٹ میں تیزی ترقی کرتی ہوئی معیشت کا ثبوت ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی سٹاک مارکیٹ میں تیزی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں بچت اور ملازمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ امریکی جنگ کے دوران وال سٹریٹ بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

ہیکڈ اپ ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر ہیکڈ اپ ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل اسپتال کا تفصیلی دورہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

معرکہ حق میں سری نگر سے بھٹنڈا تک دشمن کو ذلت آمیز سبق سکھایا، سربراہ پاک فضائیہ

فضائیہ، الیکٹرانک اور سائبر وار فیئر میں دشمن کو دھول چٹائی

فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست دینے میں اہم کردار ادا کیا، ایئر چیف

اسلام آباد (این این آئی) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاک فضائیہ نے دشمن کو سری نگر سے بھٹنڈا تک سبق سکھایا۔ معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ایئر ہیڈ کوارٹرز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا کہ پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت نے پاکستان بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بھارت کے نام نہاد آپریشن سندور کو آپریشن بنیان مرصوص نے کچل دیا، طارق فضل چوہدری

سینٹ میں مسلح افواج، سکیورٹی اداروں اور پوری پاکستانی قوم کی قربانیوں، بہادری اور عزم کو خراج تحسین

پوری پاکستانی قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پاکستان کے دفاع، خودمختاری اور استحکام پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، قرارداد

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ نے متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں پاکستان کی خودمختاری، سلامتی اور قومی وقار کے تحفظ کے لئے مسلح افواج، سکیورٹی اداروں اور پوری پاکستانی قوم کی قربانیوں، بہادری اور عزم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ یہ قرارداد وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوان میں پیش کی۔ جمعرات کو ایوان نے ''معرکہ حق'' اور ''آپریشن بنیان مرصوص'' کے دوران پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارت، بروقت حکمت عملی اور جرات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کارروائیوں کے ذریعے بھارت کے ''آپریشن سندور'' کو مؤثر انداز میں ناکام بنایا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا کہ اس آپریشن نے دشمن کو واضح پیغام دیا کہ پاکستان بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور ثقافتی تنوع سے مالا مال خطہ ہے، میر زرین خان مگسی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ سیاحت حکومت بلوچستان کیزیر اہتمام بلوچستان کے لیے دو روزہ فورازم پالیسی سازی کانفرنس 9 اور 10 مئی 2026 کو سرینا ہوٹل کوئٹہ کے قلعہ سیف اللہ ہال میں منعقد ہوگی۔ اس کانفرنس کا انعقاد پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت بلوچستان نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور صوبائی بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

معرکہ حق نے پاکستانی قوم، پاسپورٹ اور ریاست کے وقار کو عالمی سطح پر بلند کیا ہے، وفاقی وزیر

معرکہ حق کی کامیابی قومی اتحاد، حب الوطنی اور افواج پاکستان پر عوام کے اعتماد کا واضح مظہر ہے، اورنگزیب

سیالکوٹ میں علامہ اقبال کے گھر کی بحالی کے لیے پنجاب حکومت کو خط لکھا گیا جس کے بعد بجٹ مختص کر کے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان مگسی نے کہا ہے کہ معرکہ حق کی کامیابی قومی اتحاد، حب الوطنی اور افواج پاکستان پر عوام کے اعتماد کا واضح مظہر ہے، پوری قوم کو معرکہ حق کی کامیابی کے ایک سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اس موقع پر افواج پاکستان خصوصاً سید عاصم منیر اور تمام سکیورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے ہر مشکل وقت میں ملک کا بھرپور دفاع کیا۔ وفاقی وزیر ادبیات پاکستان بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے رکن اسمبلی بی بی سلمہ کاکڑ کی ملاقات

ملاقات میں سیاسی و صوبے کی ترقیاتی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے عوامی نیشنل پارٹی کی رکن صوبائی اسمبلی بی بی سلمہ کاکڑ نے ملاقات کی ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال، بلوچستان کے ترقیاتی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کے مختلف محکموں کے 1357 آفیسران کو اگلے گریڈ میں ترقی دے دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی سلیکشن بورڈ بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

معرکہ حق میں بھارتی بحریہ کی ہمارے پانیوں کا رخ کرنے کی ہمت نہیں ہوئی، ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں ہر طرح سے لیس بھارتی بحریہ کی ہمارے پانیوں کا رخ کرنے کی ہمت نہیں ہوئی معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے پر پریس بریفنگ کے دوران ڈپٹی چیف آف نیول سٹاف بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پاکستان کو چین کا جدید جے-35 اے ای اسٹیلتھ طیارہ ملنے کا امکان

اسلام آباد، بیجنگ (این این آئی) چینی اخبار ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ نے انکشاف کیا ہے کہ چین کے پہلے اسٹیلتھ طیارے، J-35AE کا ایسا نیا نمونہ تیار ہو چکا جس پر چینی فضائیہ کے بجائے سرکاری ادارے، ایوی ایشن انڈسٹری کارپوریشن آف چین کا لوگو نصب ہے، یہی ادارہ بیرون ملک چینی جنگی طیارے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

امریکا ایران جنگ بندی میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششوں پر بھروسہ رکھیں، محسن نقوی

معرکہ حق میں کامیابی اللہ پر توکل، قومی اتحاد اور قیادت پر یقین کا نتیجہ ہے، طلال چوہدری کی گفتگو

معرکہ حق میں سول و عسکری اداروں کا کردار قابل تحسین، اللہ تعالیٰ کی مدد ساتھ رہی، گواہ ہوں، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ امریکا ایران جنگ بندی میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کوششوں پر بھروسہ رکھیں۔ جمعرات کو وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ معرکہ حق میں اللہ تعالیٰ کی مدد سے پاکستان کو کامیابی ملی، ملک بھر میں معرکہ حق سے متعلق تقریبات ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے چھوٹے اور درمیانے سائز کے ڈرون ہمارے مختلف علاقوں میں بھیجے، بھارتی ڈرون تھوڑی تعداد میں پاکستان پہنچے، اکثر ڈرونز کو بارڈر پر ہماری رینجرز نے تباہ کیا، بھارت کی کوشش تھی کہ سائبر حملہ کرے لیکن سائبر حملوں میں بھارت ہمارے نزدیک بھی نہیں آسکا۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے لبنان پر حملے، مزید 13 افراد شہید

فضائی حملہ بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے داحیہ میں حزب اللہ کے پر کیا گیا

انہوں نے خود اس حملے کی منظوری دی تھی، جس کا ہدف حزب اللہ کی ایلیٹ رضوان فورس کا ایک کمانڈر تھا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی کے باوجود لبنان پر حملے جاری ہیں جس میں مزید 13 افراد شہید ہو گئے۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے معاہدے کے بعد بدھ کو پہلی بار لبنان کے دارالحکومت بیروت پر حملہ کیا۔ رپورٹس کے مطابق یہ فضائی حملہ بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے داحیہ پر کیا گیا، جہاں حزب اللہ کا مرکز واقع ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں تصاویر میں بڑے پیمانے پر آگ اور کم از کم ایک عمارت کو شدید نقصان دکھایا بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

معرکہ حق میں سری نگر سے بھٹنڈا تک دشمن کو ذلت آمیز سبق سکھایا، سربراہ پاک فضائیہ

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مولانا عبدالواسع سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کر رہے ہیں

معرکہ حق میں بھارتی بحریہ کی ہمارے پانیوں کا رخ کرنے کی ہمت نہیں ہوئی، ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف

وزیراعظم شہباز شریف سے قطر کے وزیراعظم کا ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمان بن جاسم آل ثانی نے خطے میں پائیدار امن کیلئے سفارتی کوششیں آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا اور خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم کے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ڈی آئی جی کوئٹہ پولیس عمران شوکت پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسٹریٹ کرائم کی وارتوں پر قابو پانے پر اسپیشلائز فورس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے، عمران شوکت

عوامی شکایات پر ایگل اسکواڈ اور پولیس اہلکاروں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی گئی

کوئٹہ (خ ن) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ اسٹریٹ کرائم کی وارتوں پر قابو پانے پر اسپیشلائز فورس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران کوئٹہ میں 23 افراد قتل ہوئے جن میں 21 افراد کا قتل ذاتی نوعیت یا لڑائی جھگڑوں کا بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس قانون کا سیکشن 7ای کالعدم قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس قانون کا سیکشن 7E کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے سیکشن 7E کی بحالی کیلئے دائر ایف بی آر کی اپیلیں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صوبے میں حقیقی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے نئے مسائل پیدا کیے جا رہے ہیں، لشکری

بلوچستان میں ایسے اقدامات کیے جا رہے ہیں جن کی مثال کسی دوسرے صوبے میں نہیں ملتی، وفد

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حقیقی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے نئے ایشوز ایجاد کئے جا رہے ہیں، صوبے میں آئین پر عملدرآمد کر کے سیاسی مکالمہ سے عوام کا اعتماد بحال کیا جائے، یہ بات انہوں نے بلوچستان پرنٹ میڈیا کے چیئرمین سید انور شاہ کی قیادت میں ڈاکٹر ناشاس لہڑی، میر فاروق لانگو، کلیم صدیق، سردار شاہ زمان بیرکانی اور ملک بشیر شاہوانی پر مشتمل وفد سے ملاقات میں بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

علی پرویز ملک سے سعودی سفیر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

سعودی سفیر نے خطے میں امن اور استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا

سعودی سفیر کا پاکستان کو توانائی تحفظ کے چیلنجز سے نمٹنے میں سعودی عرب کے مکمل تعاون کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال اور توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں سعودی عرب کی مسلسل معاونت پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے بالخصوص پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی میں پاکستان کو دی جانے والی بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے میٹرک کیسالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان کر دیا

ریذیڈنشل کالج لورالائی کے طالب علم احمد نے 1051 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے میٹرک کیسالانہ امتحان کے نتائج کا اعلان کر دیا، بلوچستان ریذیڈنشل کالج لورالائی کے طالب علم احمد نے 1051 نمبر لیکر صوبے بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے اعلامیہ کے مطابق میٹرک کے سالانہ امتحان کے نتائج کے مطابق بلوچستان ریذیڈنشل کالج لورالائی کے طالب علم احمد نے 1051 نمبر لیکر پہلی، بلوچستان بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

حکومت ڈلٹ لٹریسی پروگرام شروع کر رہی ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کے کنٹری ڈائریکٹر Xiaoqin Emma fan کی ملاقات

ملاقات بلوچستان کی معاشی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ایشین ڈیولپمنٹ بینک (ADB) کے کنٹری ڈائریکٹر Xiaoqin Emma fan نے ملاقات کی جس میں صوبے میں زراعت، ایری گیشن، آئی ٹی، سکولز، کچی کینال سمیت ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات بلوچستان کی معاشی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ملاقات میں زرعی شعبے کی ترقی، ایریگیشن سسٹم کی جدید کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کی پروموشن، کچی کینال پروجیکٹ، واٹرشک ڈیم اور دیگر اہم امور پر تفصیلی بحث کی گئی، چیف سیکرٹری نے بتایا کہ بلوچستان جیسے خشک سالی زدہ علاقے میں زراعت اور پانی کے وسائل کی بہتری صوبے کی معاشی ترقی بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پوری قوم اور افواج پاکستان کو مبارکباد

کوئٹہ، اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پوری قوم، افواج پاکستان اور بالخصوص چیف آف ڈیفنس فورسز و فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو دشمن ملک بھارت کے خلاف شاندار فتح اور تاریخی کامیابی پر دلی مبارکباد دی۔ اپنے خصوصی پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ معرکہ حق پاکستانی تاریخ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو ملاقات کے موقع پر فہیم الرحمن سہگل یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

موسمیاتی تبدیلی ایک سنگین اور کثیر جہتی خطرہ ہے، چیئرمین سینیٹ

یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس، 22 مئی تک اجلاس جاری رکھنے کا فیصلہ

موثر ماحولیاتی اقدامات کے لیے امن، استحکام اور عالمی تعاون ناگزیر ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی ایک سنگین اور کثیر جہتی خطرہ ہے جو خوراک کے تحفظ، آبی وسائل، زراعت، معاشی استحکام اور انسانی بقا کو متاثر کر رہا ہے، موثر ماحولیاتی اقدامات کے لیے امن، استحکام اور عالمی تعاون ناگزیر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین سینیٹ نے اسلام آباد میں منعقدہ بریفنگ پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں اراکین پارلیمنٹ، سفارت کار، بین الاقوامی اداروں کے نمائندے، ماہرین ماحولیات و تعلیم، میڈیا، سول سوسائٹی اور نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات پہلے ہی واضح ہیں، جن میں درجہ حرارت میں اضافہ، پانی کے ذخائر میں بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، اجلاس میں وزیراعلیٰ اور دیگر اراکین کی جانب سے معرکہ حق میں قائدانہ صلاحیتوں اور بروقت بہترین فیصلوں پر وزیراعظم میاں شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے تحریک قرارداد پیش کی جائیگی۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی آرڈیننس 2026 کی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

08 مئی 2026ء

معرکۂ حق کا ایک سال: جب دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا

معرکۂ حق میں کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک بھر میں ہر سطح پر چار روزہ تقریبات کا آغاز ہو چکا ہے۔ 22 اپریل 2025ء کو بھارت نے پہلگام میں فالس فلیگ آپریشن کرتے ہوئے اپنے ہی 26 سیاحوں کو مار ڈالا۔ اس دہشت گردی کا الزام پاکستان پر لگایا گیا اور حملے کی دھمکیاں دی جانے لگیں، اور پھر 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب پاکستان پر حملہ بھی کر دیا گیا۔ مختلف شہروں میں میزائل برساتے ہوئے بے گناہ پاکستانیوں کو، جن میں بچے اور خواتین بھی شامل تھیں، شہید کر دیا گیا۔ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کو اس جارحیت پر پاکستان کے خاموش رہنے کی توقع تھی، مگر پاکستان نے جس انداز میں جواب دیا، وہ بھارت تا قیامت یاد رکھے گا۔ اس کا غرور خاک میں ملا دیا گیا۔ پہلے ہی گھنٹے میں اس کے پانچ جہاز مار گرائے گئے۔ معرکۂ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر سندھ حکومت کے زیرِ اہتمام کراچی کے ایک نجی ہوٹل میں پروقار یادگاری تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن، ارکانِ اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام، کاروباری و دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ معرکۂ حق پاکستان کی تاریخ کا سنہرا باب ہے۔ پاکستان نے بھارت کو عبرتناک شکست دی۔ معرکۂ حق میں پاکستانی قوم نے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا، اور یہ ہم سب کی یکجہتی کی جیت تھی۔ اس معرکے میں ہر پاکستانی نے اپنا کردار بخوبی نبھایا۔ دشمن سمجھتا تھا کہ پاکستان کو توڑا اور ہرایا جا سکتا ہے، مگر وہ پاکستان کی صلاحیتوں سے واقف نہیں تھا۔ بلاول بھٹو زرداری نے مزید کہا کہ معرکۂ حق کی فتح صرف ہتھیاروں کی نہیں بلکہ عزم و حوصلے کی جیت تھی۔ یہ ان لوگوں کی فتح تھی جنہوں نے جھکنے سے انکار کیا۔ شمال کے پہاڑوں سے بحیرۂ عرب کے ساحلوں تک قوم ایک صف میں کھڑی رہی۔ پنجاب کے کھیتوں سے سندھ و بلوچستان کے صحراؤں تک یکجہتی کی مثال قائم ہوئی۔ پاکستان ہر چیلنج کے سامنے متحد ہو کر ڈٹ گیا، اور مسلح افواج نے جرات، نظم و ضبط اور وقار کے ساتھ دفاع کیا۔ ہم کبھی ہتھیار نہیں ڈالیں گے۔ سرحدوں سے باہر کچھ عناصر تاریخ کو مسخ کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں، اور جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے حقائق چھپانے کی سازش کی گئی، مگر پاکستان ہر آزمائش میں ثابت قدم رہا ہے۔ ہم نے کبھی جنگ کی خواہش نہیں کی بلکہ ہمیشہ امن کو ترجیح دی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے درست کہا گیا ہے کہ پاکستان نہ صرف جنگ کی خواہش نہیں رکھتا بلکہ اس کے کسی بھی پڑوسی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم بھی نہیں ہیں۔ تاہم جب دشمن کے ایسے عزائم سامنے آتے ہیں تو انہیں خاک میں ملا دیا جاتا ہے۔ بھارت بدترین شکست کے بعد اپنے زخم سہلا رہا ہے۔ پاکستان نے اسے میدان میں بے بس کر دیا۔ جب وہ پاکستان کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں رہا تو اس کی جانب سے اپنی پراکسیز کو زیادہ شدت کے ساتھ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جانے لگا۔ ٹی ٹی پی اور بلوچستان میں موجود علیحدگی پسند عناصر، طالبان رجیم کی چھتری تلے، پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ ان کے خلاف فورسز اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر کارروائیاں کر رہی ہیں۔ بھارت کے ایما پر طالبان رجیم نے پاکستان پر حملہ کیا، جس کا اسی شدت سے جواب دیا گیا جس طرح بھارت کو دیا گیا تھا۔ افغانستان کی طالبان رجیم کے ساتھ پاکستان نے اپنے تعلقات ختم کر دیے اور سرحد بھی بند کر دی۔ اس کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں واضح کمی آئی ہے۔ بھارت اب پاکستان کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنے کی بھی جرات نہیں کرے گا۔ اگر ایسا کیا گیا تو اس کا پہلے سے بھی زیادہ شدت کے ساتھ جواب دیا جائے گا۔ جس طرح بھارت کو جواب دیا گیا، اس کے بعد سے پاکستان اس کی جارحیت سے محفوظ ہو گیا ہے۔ تاہم اس کی سازشوں پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔

دبائی خزانہ و معدنیات ایم پی اے خاران میر شعیب جان نوشیروانی کا خاران کا تین روزہ تفصیلی اور جامع دورہ

تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات ایم پی اے خاران میر شعیب جان نوشیروانی نے اپنے حلقہ انتخاب خاران کا تین روزہ دورہ اہم اور مصروف دن گزارے، اس دورے کا مقصد علاقے میں امن و امان، ترقیاتی منصوبوں، تعلیم، صحت، نوشی اور عوامی مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری و عوامی سرگرمیوں میں شرکت کی اور عوام سے براہ راست رابطہ قائم کیا۔

دورے کے آغاز پر وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے ڈپٹی کمشنر آفس خاران میں امن و امان کی صورتحال پر ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو، کمانڈنٹ ایف سی خاران رائفل بلال شوکت، ایس پی خاران عبدالسلام کاکڑ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران خاران میں سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر خزانہ و معدنیات نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں امن و استحکام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی بدامنی برداشت نہیں کی جائے گی۔ علاوہ ازیں میر شعیب جان نوشیروانی نے ڈپٹی کمشنر آفس میں ایک گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں عوام، سیاسی و قبائلی عمائدین، اور مختلف محکموں کے افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے امن و امان، بنیادی سہولیات، پانی، صحت، تعلیم اور دیگر مسائل کے حوالے سے اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔ وزیر خزانہ و معدنیات نے تمام مسائل کو غور سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت دیتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ عوامی مسائل کے حل میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ خاران کے امن کو خراب کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ دورے کے دوران "ڈیولپمنٹ ایشیٹو فار خاران ٹاؤن" کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا بھی جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت میر شعیب جان نوشیروانی نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خاران، ریونیو عملہ اور دیگر متعلقہ آفیسران نے شرکت کی۔ وزیر خزانہ و معدنیات کو جاری منصوبوں کی پیش رفت، درپیش رکاوٹوں اور مستقبل کی حکمت عملی سے آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت

محمد عیسیٰ محمد حسنی

تکمیل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں تاخیر ناقابل قبول ہے۔ اسی سلسلے میں وزیر خزانہ و معدنیات نے بازار پنچایت کے نمائندوں اور آل پارٹیز کے عہدیداران سے بھی ملاقاتیں کیں، جہاں انہوں نے تاجروں اور سیاسی رہنماؤں کے مسائل سنے اور باہمی مشاورت سے ان کے حل کے لیے اقدامات پر غور کیا۔ میر شعیب جان نوشیروانی نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن خاران کا بھی دورہ کیا، جہاں بار کونسل اور بار ایسوسی ایشن کے وکلا نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وکلا برادری کی جانب سے ایک سپاس نامہ پیش کیا گیا جس میں ان کے پیشہ ورانہ اور بنیادی مسائل کو اجاگر کیا گیا۔ وزیر خزانہ و معدنیات نے ان مسائل کو سنجیدگی سے سنتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ اس کے علاوہ تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے وزیر خزانہ و معدنیات نے بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر اکیڈمک کوآرڈینیٹر نے تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں، اساتذہ اور عملے کو درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر خزانہ و معدنیات نے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ مزید برآں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت میر شعیب جان نوشیروانی اور ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو نے کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم کے آفیسران، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر، اور مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ وزیر خزانہ و معدنیات نے تعلیمی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ خاران کے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی کے زیر صدارت ڈپٹی کمشنر خاران آفس میں آل پارٹیز کے راہنماؤں کے ساتھ اجلاس منعقد ہوئی

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو بھی موجود تھے اجلاس میں آل پارٹیز میں شامل سیاسی و سماجی جماعتوں کے رہنماؤں نے صوبائی وزیر کو مختلف علاقائی مسائل کے نشاندہی بالخصوص امن و امان کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی اور علاقے میں عوام کی جان و مال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سخت اقدامات پر زور دیا آل پارٹیز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا کہ خاران سے میرا سیاسی نہیں بلکہ خونی رشتہ ہے اس سلسلے میں امن و امان میری اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں کہ وہ عوام کی جان و مال کی تحفظ کو یقینی بنائے صوبائی وزیر نے کہا کہ امن و امان کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کی جائے گی جو اعتماد خاران کے عوام نے ہم پر کی ہیں انھیں مایوس نہیں کی جائے گی اور سخت سے سخت اقدامات کی جائے گی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایات جاری کی کہ وہ علاقے میں بدامنی پھیلانے والے چور ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں انھوں نے کہا کہ عوامی تشویش سے آگاہ ہوں اور بہت جلد عوام کو مثبت تبدیلی نظر آنا شروع ہو جائیگی حکومت علاقے میں امن و استحکام کے قیام کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں تا کہ عوام خود کو محفوظ محسوس کر سکیں انہوں نے کہا کہ علاقے میں ترقی کے عمل کو جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ عوام کی تحفظ کو یقینی بنانے کی اشد ضرورت ہیں جب علاقے میں امن ہوگا وہ علاقے ترقی کے سفر میں شامل ہو سکتے ہیں اس سلسلے میں صوبائی حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور پولیس انتظامیہ کو ہدایات جاری کرتا ہوں کہ وہ خاران میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت سے سخت اقدامات اٹھائے اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات و ایم پی اے خاران میر شعیب جان نوشیروانی کی زیر صدارت میونسپل کمیٹی خاران کو میونسپل کارپوریشن کا درجہ دینے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو، پراجیکٹ ڈائریکٹر خاران ٹاؤن ڈیولپمنٹ ایشیٹو شہاب گھمی، ایس پی خاران عبدالسلام کاکڑ، معروف سیاسی و قبائلی شخصیت حاجی میر عبداللطیف نوتیزئی اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی طاہر حبیب سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خاران اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی نے صوبائی وزیر کو میونسپل کمیٹی کو میونسپل کارپوریشن میں اپ گریڈ کرنے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جس میں شہری سہولیات کی بہتری، انتظامی ڈھانچے کی مضبوطی اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تجاویز پیش کی گئیں۔ (جاری ہے)

ایک عہد، ایک قیادت، ایک فیصلہ

سمیع اللہ ملک

پاکستان کی سیاسی و عسکری تاریخ کے افق پر بعض ادوار ایسے طلوع ہوتے ہیں جو محض واقعات کا مجموعہ نہیں ہوتے بلکہ ایک عہد کی فکری و تہذیبی تشکیل کا پیش خیمہ ثابت ہوتے ہیں۔ تاریخ محض واقعات کی قطار نہیں ہوتی، بلکہ وہ ایک زندہ شعور ہے جو قوموں کے عروج و زوال، ان کے فکری سانچوں، اور قیادت کی بصیرت کو اپنے دامن میں سمیٹ کر آگے بڑھتی ہے۔ بعض اوقات زمانہ ایسے افراد کو جنم دیتا ہے جو محض حالات کے تابع نہیں ہوتے، جو نہ صرف حالات کو اپنی بصیرت سے نئی جہت عطا کرتے ہیں بلکہ محض عہدوں کی بلندی سے نہیں بلکہ حالات کی دھار کو موڑ دینے کی صلاحیت سے پہچانے جاتے ہیں۔

یہ وہ لمحات ہوتے ہیں جب تاریخ اپنے معمول کے بہاؤ سے ہٹ کر ایک نئے دھارے کی صورت اختیار کر لیتی ہے، اور افراد اپنے کردار کے ذریعے عہد کی سمت متعین کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو وقت کے طوفانوں میں چراغ کی مانند جلتے ہیں اور تاریخ کے اندھیروں میں سمت کا تعین کرتے ہیں۔ پاکستان کی حالیہ سیاسی و عسکری تاریخ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی شخصیت اسی نوع کی ایک علامت کے طور پر ابھری ہے۔

یہ داستان صرف ایک سپہ سالار کے عروج کی نہیں بلکہ ایک ایسے عہد کی ہے جس میں داخلی انتشار، خارجی دباؤ، اور عالمی سیاست کے پیچیدہ دھارے ایک دوسرے سے ٹکراتے نظر آتے ہیں بی اور انہی تصادمات کے بیچ ایک قیادت اپنے کردار کو منواتی ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی شخصیت بھی اسی نوع کی ایک مثال کے طور پر سامنے آئی ہے بی ایک ایسی مثال جس میں عسکری وقار، سیاسی بصیرت، اور عالمی سفارت کاری کا نادر امتزاج دکھائی دیتا ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا عروج بھی اسی نوع کا ایک ایسا تاریخی مظہر ہے جس میں داخلی بحران، عسکری استقامت، سفارتی مہارت اور عالمی سیاست کے پیچیدہ تانے بانے ایک دوسرے میں پیوست ہو کر ایک نئی کہانی رقم کرتے ہیں۔

نومبر 2022 میں جب عاصم منیر نے پاک فوج کی کمان سنبھالی، تو پاکستان ایک ہمہ گیر سیاسی بحران اور اضطراب کی گرفت میں مبتلا تھا۔ تحریک عدم اعتماد کے نتیجے میں عمران خان کی حکومت کا خاتمہ ہو چکا تھا، اور ملک ایک ایسی کشمکش کا شکار تھا جس میں ریاستی اداروں کی ساکھ، سیاسی بیانیے اور عوامی اعتماد بھی آزمائش میں تھے۔ تحریکِ عدم اعتماد کے نتیجے میں عمران خان کی رخصتی نے سیاسی منظرنامے کو دھندلا دیا تھا۔ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے ریاستی کشتی بے یقینی کے گرداب میں ہچکولے کھا رہی ہو، اور ہر سمت سے اٹھنے والی لہریں اس کے توازن کو چیلنج کر رہی ہوں۔ یہ وہ لمحہ تھا جسے تاریخ "ابتلائے قیادت" سے تعبیر کرتی ہے بی جہاں منصب اعزاز نہیں بلکہ ذمہ داری کا بوجھ بن جاتا ہے۔ ایسے میں جب عاصم منیر کو فوج کی کمان سونپی گئی تو گویا اُن کے ہاتھوں میں ایک ایسے جہاز کی باگ ڈور دی گئی جو طوفانی سمندر میں راستہ تلاش کر رہا تھا۔

عمران خان کی قیادت میں شروع ہونے والی احتجاجی تحریک نے سیاسی فضا کو گرما دیا۔ ملک کے طول و عرض میں احتجاج کی صدائیں گونج رہی تھیں۔ سڑکیں نعروں سے آباد اور دل شکوک سے بھر گئے۔ عمران کے حامی سڑکوں پر تھے اور الزامات کی بوچھاڑ براہِ راست فوجی قیادت پر ہو رہی تھی۔ براہِ راست الزامات نے اس کشیدگی کو ایک نئے مرحلے میں داخل کر دیا۔ یہ وہ مرحلہ تھا جب الفاظ تلواروں کا کام دے رہے تھے اور بیانیے میدانِ جنگ بن چکے تھے۔ یہ صرف سیاسی اختلاف نہ تھا بلکہ بیانیے کی ایسی جنگ تھی جس میں ہر فریق اپنی سچائی کا علم اٹھائے کھڑا تھا۔ اس پس منظر میں فوجی قیادت پر لگنے والے الزامات نے ایک نئی کشیدگی کو جنم دیا، جس نے ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کی فضا کو متاثر کیا۔

فوج اور حکومت کی جانب سے الزامات کی مسلسل تردید کی گئی، مگر فضا میں شکوک و شبہات کے بادل بدستور منڈلاتے رہے۔ فوج اور حکومت کی جانب سے ان الزامات کی مسلسل تردید کی گئی جو سوشل میڈیا اور جلسوں کے ذریعے پھیل رہا تھا۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب اعتماد کا رشتہ متزلزل اور کمزور پڑ جائے تو وضاحتیں اسے بحال کرنے سے قاصر اور اکثر بے اثر ہو جاتی ہیں۔ یہی وہ مرحلہ تھا جہاں ریاستی بیانیہ جذبات کی آندھی میں غوطے لگا رہا تھا اور دلیل کی آواز مدھم ہوتی چلی گئی اور عوامی تاثر ایک دوسرے سے متصادم دکھائی دینے لگا۔

نومئی کے واقعات پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک ہنگامہ خیز باب اور سنگِ میل ثابت ہوئے جس نے پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک گہرا شگاف ڈال دیا۔ عمران کی گرفتاری کے بعد ملک بھر میں ہونے والے پرتشدد مظاہروں نے ریاستی نظم کو ہلا کر رکھ دیا۔ راولپنڈی میں جی ایچ کیو سمیت کئی حساس تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ عسکری تنصیبات پر حملے دراصل ایک علامتی بغاوت کی شکل اختیار کر گئے۔ یہ وہ دن تھا جب احتجاج اور بغاوت کے درمیان لکیر دھندلا گئی۔

ان واقعات کے بعد مقدمات کا ایک سلسلہ شروع ہوا، جس میں سینکڑوں افراد نامزد ہوئے۔ ریاست نے سخت قانونی کارروائی کا آغاز کیا، عمران اور ان کی جماعت نے اسے انتقامی کارروائی قرار دیا جبکہ ریاست نے اسے قانون کی عملداری کا تقاضا بتایا۔ یوں بیانیے کی جنگ مزید گہری ہو گئی، اور سیاسی تقسیم واضح تر ہوتی گئی۔ یہی وہ موڑ تھا جہاں سے سیاسی تحریک کی رفتار مدھم پڑتی دکھائی دی۔ اس کشمکش نے سیاسی فضا کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔

نومئی کے واقعات نے درحقیقت سیاسی تحریک کی رفتار کو متاثر کیا۔ جو تحریک ایک عوامی لہر کے طور پر ابھری تھی، وہ رفتہ رفتہ اپنی توانائی کھونے لگی۔ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے تاریخ نے ایک موڑ لے لیا ہو اور سیاسی قوتوں کو اس بحرانی موڑ پر ازسرِ نو صف بندی اور حکمت عملی پر نظرثانی کرنا پڑی۔ فروری 2024 کے انتخابات نے ایک نئی سیاسی ترتیب کو جنم دیا۔ مسلم لیگ (ن) اور اس کے اتحادیوں کی حکومت قائم ہوئی، اور یوں سیاسی بساط پر مہرے ازسرِ نو ترتیب دیے گئے۔ یوں اقتدار کا توازن ایک نئی سمت میں منتقل ہوا۔ یہ تبدیلی محض سیاسی نہ تھی بلکہ اس کے اثرات ریاستی پالیسیوں پر بھی مرتب ہوئے۔ مگر اصل تبدیلی مئی 2025 کی پاک بھارت جنگ کے بعد آئی، جب عاصم منیر نہ صرف عسکری قیادت کے استعارے کے طور پر ابھرے بلکہ انہیں فیلڈ مارشل کے خطاب سے بھی نوازا گیا۔ یہ اعزاز محض ایک منصب نہیں بلکہ ایک عہد کی علامت بن گیا۔

مئی 2025 میں پاک بھارت جنگ نے خطے کو جہاں بلا کر رکھ دیا وہاں ایک غیر متوقع مگر فیصلہ کن موڑ فراہم کیا۔ چار دنوں پر محیط اس جنگ نے نہ صرف عسکری طاقت کا مظاہرہ کیا بلکہ نفسیاتی سطح پر بھی ایک نئی فضا پیدا کی۔ اس جنگ میں جدید ٹیکنالوجی، ڈرونز، اور میزائلوں کا استعمال ہوا، جس نے اسے روایتی جنگوں سے مختلف بنا دیا۔ پاکستان کی جانب سے جدید جنگی حکمتِ عملی کا استعمال عالمی حلقوں میں موضوعِ بحث بن گیا۔ اس جنگ میں پاکستان کی کامیابیوں کا چرچا عالمی سطح پر ہوا۔ حالات اس نہج تک پہنچ گئے کہ امریکا کو مداخلت کرنی پڑی۔ ابتدا میں غیر جانبداری کا اعلان کرنے والا عالمی طاقت کا مرکز، آخر کار جنگ بندی کی اپیل پر مجبور ہوا۔ پاکستانی دعووں کے مطابق انڈیا کے جدید رافیل طیاروں کی تباہی نے جنگ کا رخ بدل دیا اور عالمی میڈیا میں مضبوط شواہد کے اعتراف نے پہلی مرتبہ اقوام علم کو ششدر کر کے رکھ دیا اور عسکری تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل کے طور پر دیکھا گیا۔ یہ واقعہ محض عسکری کامیابی نہ تھا بلکہ اس نے عالمی دفاعی تجزیہ نگاروں کو چونکا دیا۔ یوں محسوس ہوا کہ طاقت کا توازن یکسر تبدیل ہو رہا ہے۔ یہاں تاریخ کا ایک دلچسپ پہلو سامنے آتا ہے کہ طاقت کے توازن میں معمولی سی تبدیلی بھی عالمی بیانیے کو بدل دیتی ہے۔ جو کل تک تماشائی تھا، آج ثالث بننے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

عالمی تجزیہ نگاروں کے مطابق یہ جنگ نہ صرف عسکری بلکہ نفسیاتی سطح پر بھی ایک فیصلہ کن موڑ تھی۔ اس نے پاکستان کے اندر اعتماد کو بحال کیا اور بیرونی دنیا کو ایک واضح پیغام دیا کہ یہ ریاست ابھی زندہ ہے، متحرک ہے، اور اپنے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ ابتدا میں عالمی طاقتوں نے اس جنگ کو علاقائی تنازع سمجھ کر نظرانداز کیا، مگر جیسے جیسے حالات نے شدت اختیار کی، امریکا کو مداخلت کرنا پڑی۔ گویا ٹرمپ کی جنگ بندی کی اپیل اس حقیقت کا اظہار تھا کہ علاقائی تنازعات بھی عالمی سیاست کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ تبدیلی عالمی سیاست کے اس اصول کی عکاس ہے کہ طاقت کا اظہار سفارت کاری کو جنم دیتا ہے۔ جب میدانِ جنگ میں توازن بگڑتا ہے تو مذاکرات کی میز خود بخود سج جاتی ہے۔ اسی جنگ کے بعد عاصم منیر کو پانچ ستارہ جنرل کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ یہ ترقی دراصل اُن کی قیادت پر مہرِ تصدیق تھی، جو میدانِ عمل میں اپنی اہلیت ثابت کر چکی تھی۔

اس جنگ کے بعد عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ یہ اعزاز پاکستان کی تاریخ میں نہایت کم شخصیات کو ملا ہے، اور اس کا مطلب صرف عسکری کامیابی نہیں بلکہ قومی اعتماد کا اظہار بھی ہے۔ یہ اعزاز پاکستان کی تاریخ میں ایک غیر معمولی مقام رکھتا ہے۔ امریکی صدر کی جانب سے جنگ بندی کا دعویٰ اور پاکستان کی جانب سے اس کی تائید، ایک نئی سفارتی ہم آہنگی کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں عسکری حکمتِ عملی سفارتی مہارت میں ڈھلتی نظر آتی ہے۔

عالمی سطح پر اس جنگ نے پاکستان کی عسکری صلاحیت کو ایک نئی پہچان دی۔ دفاعی ماہرین نے اس بات کا اعتراف کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنی سرحدوں کا دفاع کر سکتا ہے بلکہ جدید جنگی تقاضوں سے بھی ہم آہنگ ہے۔ اس جنگ کے بعد پاکستان کی عسکری صلاحیت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا۔ یہ ایک ایسا لمحہ تھا جب ریاست نے اپنی موجودگی کا بھرپور احساس دلایا۔ عاصم منیر کی شخصیت میں اس دوران ایک نمایاں تبدیلی بھی محسوس کی گئی۔ جو ابتدا میں خاموش اور محتاط دکھائی دیتے تھے، وہ اب پُراعتماد اور واضح مؤقف رکھنے والے رہنما کے طور پر سامنے آئے۔

اس کے ساتھ ہی بھارت کے اندر سیاسی دباؤ میں اضافہ ہوا۔ مودی کو شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا، اور ان کی خارجہ پالیسی پر سوالات اٹھنے لگے۔ واشنگٹن کے دوروں میں یہ فرق نمایاں تھا۔ پہلی ملاقات میں جو احتیاط تھی، دوسری میں وہی شخصیت ایک پختہ سفارتکار کے روپ میں دکھائی دی۔ یہ تبدیلی محض ذاتی نہیں بلکہ حالات کی پیداوار تھی۔ جنگیں انسانوں کو بدل دیتی ہیں، اور قیادت کو نکھار دیتی ہیں۔ بھارت کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات اور ایران کے خلاف مبینہ کردار نے خطے میں نئی کشیدگی کو جنم دیا۔ اس تناظر میں بھارت کے اسرائیل کے ساتھ تعلقات اور ایران کے خلاف مبینہ کردار نے خطے میں ایک نئی کشیدگی کو جنم دیا۔ یہ واقعات عالمی سیاست کے پیچیدہ روابط کی عکاسی کرتے ہیں، جہاں مفادات اصولوں پر غالب آ جاتے ہیں۔ یہ واقعات عالمی سیاست کی پیچیدگیوں کو ظاہر کرتے ہیں۔

پاکستان نے اس صورتحال میں ایک متوازن پالیسی اپناتے ہوئے خود کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر پیش کیا۔ یہی وہ مقام تھا جہاں عسکری قیادت نے سفارتی کردار بھی ادا کرنا شروع کیا۔ ان کے قریبی ساتھیوں کے مطابق عاصم منیر ایک کم گو مگر عمل پر یقین رکھنے والے فرد ہیں۔ وہ شور نہیں مچاتے، بلکہ نتائج سے بات کرتے ہیں بی اور یہی انداز انہیں منفرد بناتا ہے۔

واشنگٹن میں ہونے والی ملاقاتوں نے عاصم منیر کو عالمی سطح پر متعارف کروایا۔ ابتدا میں ان کی شخصیت محتاط اور کم گو سمجھی جاتی تھی، مگر وقت کے ساتھ ساتھ ان میں ایک غیر معمولی اعتماد پیدا ہوا۔ عاصم منیر کے دورۂ امریکا نے ان کی شخصیت کو عالمی سطح پر متعارف کروایا۔ ابتدا میں محتاط انداز رکھنے والے یہ رہنما اب ایک پُراعتماد سفارتکار کے طور پر سامنے آئے۔ ان کی عالمی سرگرمیاں بھی قابلِ ذکر ہیں۔ چین، سعودی عرب، اور ایران کے دورے اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ محض عسکری نہیں بلکہ سفارتی میدان میں بھی فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔

جون 2025 کے دورے میں ان کی شخصیت ایک پختہ سفارتکار کے طور پر سامنے آئی۔ امریکی حلقوں میں ان کے بارے میں مثبت تاثرات نے پاکستان کیلئے ایک نئی راہ ہموار کی اور ان کا اعتماد اور طرزِ گفتگو عالمی حلقوں کو متاثر کرنے میں کامیاب رہا۔ یہ ایک نئی سفارتی جہت کا آغاز تھا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں ان کی شمولیت اس بات کی عکاس ہے کہ موجودہ دور میں عسکری اور سفارتی دائرے ایک دوسرے سے جدا نہیں رہے۔

ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی میں پاکستان کی ثالثی کی پیشکش ایک اہم سفارتی قدم تھا۔ دنیا اس وقت تباہی کے دہانے پر کھڑی مضطرب ہے اور اس نازک وقت میں ثالثی کی پیشکش، دراصل ایک دوراندیشی کا مظہر تھی، جس نے پاکستان کے کردار کو مزید مضبوط کیا۔ یہ پیشکش دراصل اس وژن کا اظہار تھی جس کے تحت پاکستان خود کو ایک پل کے طور پر پیش کرنا چاہتا ہے، نہ کہ محض ایک فریق کے طور پر۔ یہ قدم اس بات کا غماز ہے کہ پاکستان خود کو ایک ذمہ دار عالمی کردار کے طور پر پیش کرنا چاہتا ہے۔ جون 2025 میں وائٹ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات نے اس سفر کو ایک نئی سفارتی جہت اور عسکری بلندی عطا کی۔ عالمی میڈیا نے اسے غیر معمولی قرار دیا، اور یوں عاصم منیر عالمی سیاست کے ایک اہم کردار کے طور پر تسلیم کیے گئے۔

وائٹ ہاؤس کی رسمی ملاقات کے بعد، امریکی دارالحکومت میں پاکستانی سفارتخانے کی ایک نشست محض ضیافت نہ تھی بلکہ ایک فکری مجلس کا رنگ لیے ہوئے تھی۔ اس نشست میں امریکی ماہرینِ خارجہ پالیسی کی موجودگی نے اسے ایک غیر رسمی تھنک ٹینک میں تبدیل کر دیا۔ یہاں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا یہ جملہ گویا ایک اصولی اعلان تھا:

"سفارتکاری ہی کشیدگی کم کرنے کا مؤثر راستہ ہے، اور پاکستان اس میں معاونت کر سکتا ہے۔"

یہ بیان نہ صرف ایک سفارتی عزم کی ترجمانی کرتا ہے بلکہ اس امر کی بھی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان اب محض ردِعمل دینے والا ملک نہیں بلکہ عالمی بحرانوں میں پیش قدمی کرنے والا کردار بن چکا ہے۔

ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے دوران، جہاں وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سفارتی محاذ پر متحرک تھے، وہیں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی خاموش مگر مؤثر سفارت کاری بھی جاری رہی۔ وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار کی جانب سے ان رابطوں کی تصدیق اس امر کا ثبوت ہے کہ پاکستان کا عسکری و سفارتی اشتراک ایک ہم آہنگ حکمتِ عملی کے تحت کام کر رہا ہے۔ یہ وہی طرزِ عمل ہے جسے عالمی سیاست میں ٹریک ٹو ڈپلومیسی کہا

شال بقیہ 1

جو کردار ادا کیا تاریخ اسے یاد رکھے گی، قیام پاکستان کے بعد سے آج وہ موقع آیا ہے خیبر سے کراچی تک پوری قوم متحد ہے۔ وہ جمعرات کو یہاں شمسی توانائی کے منصوبوں، دانش سکولوں کے سنگ بنیاد، سیف سٹی گلگت اور سیف سٹی سکردو کے افتتاح، مفت سولر یونٹوں کی تقسیم، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت طلبا میں لیپ ٹاپس کی تقسیم اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت کاروباری اور زرعی قرضوں کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا انجینئر امیر مقام، عطاء اللہ تارڑ، اویس لغاری، عبدالعلیم خان، گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ اور نگران وزیراعلیٰ گلگت بلتستان جسٹس (ر) یار محمد کے علاوہ وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج انہیں ایک بار پھر گلگت بلتستان آکر خوشی محسوس ہو رہی ہے، یہ نہ صرف خوبصورت علاقہ بلکہ قابل محنتی اور ہونہار طلبا و طالبات کا خطہ ہے جو پاکستان کا فخر ہیں۔ انہوں نے محنت سے تعلیم حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کے والدین اور اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ طلبا میں لیپ ٹاپس کی تقسیم نہ صرف ان کی تعلیمی قابلیت کا اعتراف ہے بلکہ اس کے ذریعے وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 1997ء میں جب مجھے میرے قائد محمد نواز شریف اور میری جماعت مسلم لیگ (ن) نے پنجاب کا خادم اعلیٰ مقرر کیا تب سے آج تک میں نے میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا اور اس وقت میرٹ کو سکہ رائج الوقت بنایا جب کوئی اس تصور سے آشنا نہیں تھا۔

شال بقیہ 2

بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حالانکہ حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہی ہے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کر چکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علماء اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوئی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جا سکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور ان شاء اللہ یہ معاملہ باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم سے حل ہو جائے گا۔ انہوں نے جمعیت علماء اسلام کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں ہمیشہ دل کے قریب سمجھتے ہیں۔

شال بقیہ 3

مرل، جنرل اور مارشل کا مذاق بنوا رہا ہے۔ معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے پر پاک فضائیہ اور بحریہ کے افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ اللہ کے فضل اور رحمت سے مسلح افواج قوم کی امنگوں پر پورا اتری۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اپنے سے 5 گنا بڑے دشمن کو مٹی ڈومین وار میں شکست دی، یہ بات پاکستانی بچوں کے ساتھ ہندوستانی بچے بھی جانتے ہیں تاہم یہ الگ بات ہے کہ وہ اسے تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے بہت مکاری سے بیانیہ بنایا کہ پاکستان دہشت گردی کرتا ہے لیکن یہ لوگ خود دہشت گردی میں ملوث ہیں اور دنیا بھارت کی من گھڑت باتوں پر کان دھرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پہلگام واقعے کو ایک سال مکمل ہو گیا لیکن پاکستان نے جو سوالات اٹھائے تھے وہ اب بھی جوں کے توں موجود ہیں، جواب دیں کون لوگ تھے جنہوں نے یہ کروایا؟ بھارت بتائے کس دہشت گرد کیمپ کو نشانہ بنایا؟ پاکستان میں جو بھی دہشت گردی ہے وہ بھارت کی ایما پر کی جا رہی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ کشمیر بھارت کا حصہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک بین الاقوامی تسلیم شدہ تنازع ہے، بھارت کے لیے نصیحت ہے کہ سچ بولنا سیکھے، بھارت خود سب سے بڑا دہشت گرد ہے، اگر یہی زبان استعمال کرنی ہے تو آجا سامنے پھر، بھارتی سیاست دان، سیاست دان کم جنگجو زیادہ لگتے ہیں۔

شال بقیہ 4

ہلاک ہوگئے جبکہ تیس افراد زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس تھانہ باریچہ ایس ایچ او اور ڈی ایچ او جھل مگسی علی مگسی چار ایمبولینس کے ساتھ صحت کی ٹیموں کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور واقعے میں مرنے اور زخمیوں کو گندواہ اور بی ایچ یو باریچہ منتقل کر دیا گیا ڈی ایچ او جھل مگسی کے مطابق سات زخمیوں کو مذید علاج کیلئے لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا جبکہ واقعے میں مرنے والوں کی لاشیں سرکاری ایمبولینس کے ذرائعے انکے ابائی علاقوں کو روانہ کر دی گئی واقعے کے بارے میں مزید تحقیقات جھل مگسی پولیس کر رہی ہے۔

شال بقیہ 5

اپنی خودمختاری، قومی مفادات اور علاقائی سالمیت کے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ ایران نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی دانشمندانہ قیادت کو بھی سراہا جنہوں نے قومی یکجہتی کو فروغ دینے اور عالمی سطح پر پاکستان کا موقف موثر انداز میں پیش کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ قرارداد میں چیف آف آرمی سٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ان کی جرات مندانہ قیادت، عسکری حکمت عملی اور قومی دفاع کے لئے غیر معمولی خدمات پر خصوصی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ قرارداد کے مطابق ان کی قیادت نے مسلح افواج کے حوصلے اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو مزید مضبوط کیا۔

شال بقیہ 6

نے معرکہ حق میں قوم کا سر فخر سے بلند کیا، یہ بتانا ضروری ہے کہ ہم نے معرکہ حق میں کیا کیا، پاکستان بھارت جنگ میں ڈرونز کا استعمال بہت تواتر سے ہوا جو پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ نئی دہلی میں بھارتی وزیراعظم کے گھر کے اوپر ہمارے ڈرون گھومتے رہے جس سے بھارتی خوف میں مبتلا تھے، ہمارا ٹارگٹ بھارتی سویلین شہری نہیں تھے جبکہ انہوں نے ہماری سول آبادی کو نشانہ بنایا، ہماری رینجرز بارڈر کیپ بالکل ساتھ موجود تھی، بھارت کو سفید جھنڈے لہرانے پڑے۔

شال بقیہ 7

چلی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ قومی مقاصد ایسے ہوتے ہیں جن پر اختلافات ثانوی حیثیت اختیار کر جاتے ہیں، اس لیے قوم کو اتحاد و یکجہتی کی اسی فضا کو برقرار رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا اصل مسئلہ بیرونی دشمن نہیں بلکہ اندرونی عدم اتحاد ہے۔

شال بقیہ 8

کی بنیاد ہے۔ انہوں نے ایشین ڈیولپمنٹ بینک سے زرعی انفراسٹرکچر کی بحالی اور جدید ٹیکنالوجی کی متعارفہ کے لیے تکنیکی اور مالی تعاون کا مطالبہ کیا۔ ایریگیشن کے شعبے میں کچھی کینال پروجیکٹ کو خصوصی توجہ دی گئی جو صوبے کے کسانوں کے لیے زندگی بدلنے والا ثابت ہو سکتا ہے۔ اس پروجیکٹ کے فیز 2 سے لاکھوں ایکڑ زمین کی آبپاشی ممکن ہو جائے گی جس سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ اسی طرح واشک ڈیم کے توسیعی منصوبوں پر بھی بات چیت ہوئی، جو سیلاب کے خطرات کو کم کرنے اور پانی کے ذخیرے میں اضافہ کرے گا جس سے متعلقہ اضلاع میں لوگوں کو پانی کی فراہمی ممکن ہو جائیگی۔ آئی ٹی کے شعبے میں دونوں اطراف نے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی اور نوجوانوں کے لیے ہنر سکھانے والے پروگراموں پر زور دیا۔ کنٹری ڈائریکٹر ایشین ڈیولپمنٹ بینک نے بلوچستان حکومت کی کاوشوں کی تعریف کی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 2 لاکھ 80 ہزار بچوں کا سکولوں میں داخلہ کرایا جبکہ حکومت اڈاٹ لٹریسی پروگرام شروع کر رہی ہے اور صوبائی حکومت نے صوبے میں انٹرپرائز ڈیولپمنٹ کے ذریعے لوگوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے جبکہ 27 ناوٹز کو سولر انرجی کی فراہمی فراہمی بھی یقینی بنا رہی ہے۔ کنٹری ڈائریکٹر نے اس موقع پر کہا کہ اس سلسلے میں بینک صوبے کی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے حکام بالا سے بات کی جائے گی۔ یہ ملاقات بلوچستان کی ترقی کی راہ میں ایک مثبت قدم ہے جو بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط بنائے گی۔

شال بقیہ 9

ی، زراعت پر دباؤ اور شدید موسمی واقعات، خصوصاً سیلاب، کی بڑھتی ہوئی شرح شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کا تعلق براہ راست امن اور استحکام سے ہے اور پاکستان توانائی، زراعت، خوراک اور پانی کے شعبوں میں استعداد بڑھانے، ماحولیاتی فنڈنگ کے حصول اور عالمی شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ علاقائی امن میں پاکستان کے کردار کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے مشکل حالات میں ہمیشہ تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے اور اپنی خودمختاری کا بھرپور تحفظ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشنز "معرکہ حق" اور "بنیان مرصوص" قومی اتحاد، نظم و ضبط اور عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے حالیہ عالمی بحرانوں میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بھی اجاگر کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ دنیا کے موسمیاتی لحاظ سے انتہائی متاثرہ ممالک میں شامل ہونے کے باوجود پاکستان کو گزشتہ تین دہائیوں میں ایک ارب ڈالر سے بھی کم ماحولیاتی فنڈنگ ملی ہے۔ انہوں نے COP29 سمیت عالمی وعدوں کو ناکافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی فنڈنگ منصفانہ، قابل پیشگوئی اور بروقت ہونی چاہیے۔ پاکستان کے ماحولیاتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کلائمیٹ چینج ایکٹ، شجرکاری مہمات، لیونگ انڈس انیشی ایٹو، گرین پاکستان پروگرام اور پارلیمنٹ کی شمسی توانائی پر منتقلی کا حوالہ دیا۔ انہوں نے COP27 اور COP29 سمیت عالمی فورمز پر ماحولیاتی انصاف کے لیے پاکستان کے مضبوط موقف کو دہرایا اور کہا کہ 2035 تک سالانہ 300 ارب ڈالر کی یقین دہانی بھی متاثرہ ممالک کی ضروریات سے کم ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ ماحولیاتی انصاف کا تقاضا ہے اور کاربن اخراج کرنے والے ممالک کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔ انہوں نے پارلیمنٹ، سرکاری اداروں، تعلیمی حلقوں، میڈیا، سول سوسائٹی اور نجی شعبے کے درمیان مضبوط روابط، بہتر ڈیٹا، مؤثر منصوبہ بندی اور ماحولیاتی موافقت میں سرمایہ کاری بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ کانفرنس میں ہونے والی گفتگو کو ٹھوس قانون سازی، پالیسی اصلاحات اور قابل عمل حکمت عملیوں میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے ماحولیاتی حکمرانی اور نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مستقبل انہی کا ہے جو جرات، اتحاد اور دوراندیشی کے ساتھ عمل کرتے ہیں اور اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان مثال قائم کرنے کی بھرپور صلاحیت اور ذمہ داری رکھتا ہے دریں اثناء سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس جمعرات کو چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹ کے 361 ویں اجلاس کے دوران زیر غور آنے والے قانون سازی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قانون سازی کے علاوہ اجلاس میں اہم قومی اور بین الاقوامی امور کی موجودہ صورتحال پر بھی بحث کی جائے گی۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ سینیٹ کا موجودہ اجلاس متوقع طور پر 22 مئی 2026ء تک جاری رہے گا۔ اجلاس میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان، سینیٹر راجہ ناصر عباس، قائد حزب اختلاف سینیٹر سلیم مانڈوی والا، سینیٹر شیری رحمان، سینیٹر رانا ثناء اللہ خان، سینیٹر سید علی ظفر، سینیٹر منظور احمد، سینیٹر عطاء الرحمن، سینیٹر جان محمد، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر نے شرکت کی۔ سیکرٹری سینیٹ نے کمیٹی کو موجودہ اجلاس کے دوران زیر غور آنے والے قانون سازی کے ایجنڈے پر بریفنگ دی۔

شال بقیہ 10

میں امن و استحکام کے فروغ میں نائب وزیراعظم کی کوششوں اور پاکستان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی سہولت کے ذریعے امن کے قیام میں پاکستان نے خاص طور پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے خطے اور اس سے باہر امن اور ترقی کیلئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کا اعادہ کیا۔ فریقین نے بحری امور اور بین الاقوامی پانیوں میں حالیہ واقعات سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے متعلقہ حکام کے درمیان قریبی رابطہ رکھا جائے گا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات پر بھی گفتگو کی اور اعلیٰ سطح کے روابط کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

شال بقیہ 11

راستہ اختیار کرنے کے لیے سنجیدہ ہے تاہم ایرانی قوم کے حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ ایرانی ایوان صدر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی موجودہ صورت حال، خصوصاً آبنائے ہرمز، عارضی جنگ بندی اور ایران و امریکا کے مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ ایران بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے سفارتی کوششیں جاری رکھنے کے لیے تیار ہے لیکن امریکا کی مسلسل جارحانہ کارروائیوں نے تہران کے اعتماد کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے دوران ایران پر ہونے والے 2 حملے پینے میں چھرا گھونپنے کے مترادف تھے۔ گفتگو میں دونوں رہنماؤں نے آبنائے ہرمز کی صورت حال، ابتدائی جنگ بندی معاہدے اور پاکستان کی جانب سے جاری ثالثی کوششوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

شال بقیہ 12

ریلوے نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو نہایت اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعلقات دونوں ممالک کے عوام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور ایران کے درمیان ریلوے روابط کو مزید فعال بنانے کے امور زیر غور آئے، خصوصاً تفتان ✕ زاہدان ریلوے روٹ اور اسلام آباد ✕ تہران ✕ استنبول (ITI) فریٹ ٹرین منصوبے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ علاقائی تجارت اور روابط کے فروغ کیلئے ریلوے تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر کوئٹہ ✕ تفتان ریلوے سیکشن کی مرمت اور بحالی سے متعلق جاری اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ ریلوے آپریشنز کے تسلسل اور مؤثر فعالیت کے لیے سیکیورٹی اقدامات اور انفراسٹرکچر کی بہتری ناگزیر ہے۔ ملاقات میں خطے، بالخصوص مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان نے ایک مرتبہ پھر امن، مذاکرات اور سفارتی ذرائع سے مسائل کے حل کی حمایت کا اعادہ کیا۔ ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ فریقین نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں امن، مذاکرات اور کشیدگی میں کمی کے لیے جاری کوششوں کو مؤثر قرار دیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ مکالمے، باہمی احترام اور پرامن حل پر یقین رکھتا ہے اور خطے میں امن و استحکام کے لیے اپنی سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان ریلوے اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 13

لے سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے تشخیصی پناہ گزین ادارے (انروا) کے مطابق غزہ میں حالیہ مہینوں میں جلدی بیماریوں کے کیسز میں 3 گنا اضافہ ہوا ہے، خارش، چیچک اور دیگر بیماریاں خاص طور پر بچوں میں تیزی سے پھیل رہی ہیں جس کی بڑی وجہ شدید بھیڑ، خراب صفائی اور گرم موسم ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ میں 2024 کے دوران کم از کم 1 لاکھ 50 ہزار افراد جلدی امراض کا شکار ہوئے، طبی سامان کی قلت اور اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث صورت حال مزید سنگین ہو رہی ہے۔ پناہ گزین فوزی الخار نے گفتگو کے دوران بتایا کہ لاکھوں لوگ انتہائی خراب حالات میں رہنے پر مجبور ہیں، کیمپوں میں کچرا، چوہے، کھٹمل، پسو اور آوارہ جانور بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے انکشاف کیا ہے کہ مارچ میں اقوام متحدہ کے زیر انتظام کیمپوں میں جلدی بیماریوں سے متاثرہ افراد کی تعداد بڑھ کر تقریباً 10 ہزار ہو گئی جبکہ جنوری میں یہ تعداد 3 ہزار تھی۔ عرب میڈیا کے مطابق خان یونس میں طبی عملہ ہزاروں خیموں میں جراثیم کش اسپرے کر رہا ہے تاہم دواں اور اسپرے کی شدید کمی کے باعث تمام کیمپوں تک رسائی ممکن نہیں۔

شال بقیہ 14

ہمیشہ یاد رکھے گی۔ گلگت بلتستان میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ گلگت آکر ایک بار پھر بہت خوشی ہو رہی ہے، پاکستان کے خوبصورت ترین علاقے میں انتہائی قابل محنتی، ہونہار بچوں، بچیوں سے ملاقات کرنے آیا ہوں، ہونہار بچیاں اور بچیاں فخر ہیں، آپ کو دیئے گئے لیپ ٹاپ کوئی احسان نہیں، یہ تعلیمی سفر میں محنت کا اعتراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم نے ترقی کرنی ہے تو پھر محنت، امانت، دیانت کو شعار بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا 2027ء کے وسط میں گلگت بلتستان میں 100 میگاواٹ بجلی کا منصوبہ مکمل ہوگا، سولر پینل کیلئے ڈیکیمل بیلنگ میں 50 ہزار درخواستیں آئیں، ڈیکیمل بیلنگ سے 15 ہزار افراد کو مفت سولر پینل ملے۔

شال بقیہ 15

نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر احسن اقبال، سردار اویس احمد خان لغاری، عطاء اللہ تارڑ، انجینئر امیر مقام، عبدالعلیم خان، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ اور معاون خصوصی طلحہ برکی بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعظم کی گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ اور نگران وزیراعلیٰ گلگت بلتستان جسٹس (ر) یار محمد سے علیحدہ علیحدہ ملاقات ہوئی۔ ملاقاتوں میں گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، صوبائی امن و امان کی صورتحال اور دیگر صوبائی امور پر گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم گلگت بلتستان کیلئے قابل تجدید توانائی (سولر بجلی)، سیف سٹیز، لیپ ٹاپ سکیم و یوتھ بزنس و ایگری لون سکیم کا افتتاح اور گلگت بلتستان میں 4 دانش سکولوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

شال بقیہ 16

کیا اور اسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، اسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں خصوصاً دور دراز علاقوں میں بسنے والے عوام کو ان کی دہلیز پر جدید طبی سہولیات میسر آسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے اور عوامی خدمت کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور طبی خدمات کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کر کے ان کے معیار زندگی میں نمایاں بہتری لائی جا سکے۔

شال بقیہ 17

میں ریکارڈ توڑ اضافے کو ایک بار پھر ترقی کرتی ہوئی معیشت کا ثبوت قرار دیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کی جانب سے ایکس پر شیئر کی گئی پوسٹ میں امریکی صدر نے کہا کہ سٹاک مارکیٹ تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، بچت اور ملازمتیں بڑھ رہی ہیں۔

شال بقیہ 18

پر بے بنیاد الزام لگایا، پاکستان نے بھارت کو غیر جانبدار تحقیقات کی پیشکش کی، بھارت نے پاکستان کی پیشکش کے باوجود جارحیت کی، پاک فضائیہ نے بھارتی جارحیت کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا، بھارت کے ایئر ڈیفنس سسٹم کو شدید نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست دینے میں اہم کردار ادا کیا، قومی دفاع میں پاک فضائیہ کا کردار تاریخی ہے، سری نگر سے بھنڈنا تک پاک فضائیہ نے دشمن کو سبق سکھایا، پاکستان کے سائبر شاہینوں نے دشمن کی سائبر سیکیورٹی کو تباہ کر دیا، بھارتی فضائیہ کو عبرتناک اور تذلیل سے بھرپور شکست دی۔ ائیر چیف مارشل نے کہا کہ پاک فضائیہ اپنی فضائی سرحدوں کی محافظ ہے، پاک فضائیہ نے دنیا کے سرفہرست لڑاکا طیاروں کو خاک میں ملا دیا، دشمن کی تمام تنصیبات پاک فضائیہ کے نشانے پر تھیں، ایس 400 ائیر ڈیفنس سسٹم کو لمحوں میں تباہ کر دیا، بنیان مرصوص میں پاکستان نے بہترین ڈرون صلاحیت کا مظاہرہ کیا، پاکستان نے فضائیہ، الیکٹرانک اور سائبر وار فیئر میں دشمن کو دھول چٹائی۔ سربراہ پاک فضائیہ ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا کہ تھا پاک فضائیہ نے ریکارڈ وقت میں دشمن کی تنصیبات کو تباہ کیا، ہر جوان نے معرکہ حق میں بہترین صلاحیت کا مظاہرہ کیا، ہماری قومی قیادت کی وجہ سے یہ کامیابیاں سمیٹنے کا موقع ملا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بہترین قیادت نے کامیابی میں اہم کردار کیا، پاک فضائیہ ہمیشہ قوم کی توقعات پر پورا اترے گی۔

شال بقیہ 19

بار گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او غلام دستگیر بزنجو اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور ضروری کارروائی کے بعد نعش کو کوئٹہ روانہ کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

شال بقیہ 20

سفارتکاری پر زور دیا، پاکستان سندھ طاس معاہدے پر تمام قانونی راستے استعمال کرے گا، انڈس واٹر کمشنر اور تمام متعلقہ اداروں کا فوکس سندھ طاس معاہدے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان کے سرحدی علاقوں کے لوگ امن چاہتے ہیں، افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی امن کوششوں کو متاثر کر رہی ہیں، دونوں ممالک کے عوام کے درمیان کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے، کابل حکومت افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی روک نہیں رہی، قبائلوں کی جانب سے پاکستانیوں کی حوالگی پر صومالیہ سے رابطے میں ہیں۔

شال بقیہ 21

کے زیر اہتمام "معرکہ حق کی کامیابی کے ایک سال مکمل ہونے" کے سلسلے میں منعقدہ خصوصی سیمینار بعنوان "قومی مقاصد کی تکمیل میں ادب کا کردار" سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بعض عناصر یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ قوم اور افواج ایک صفحے پر نہیں مگر معرکہ حق نے ثابت کیا کہ پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ متحد کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں مزار اقبال اور اقبال اکیڈمی لاہور وزارت قومی ورثہ و ثقافت کے زیر انتظام ہے جہاں بہتری اور بحالی کے لیے خطیر فنڈز خرچ کیے گئے ہیں اور نمایاں کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ میں علامہ اقبالؒ کے گھر کی بحالی کے لیے پنجاب حکومت کو خط لکھا گیا جس کے بعد بجٹ مختص کر کے کام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے جرمنی میں علامہ اقبالؒ سے منسوب عمارت کے حوالے سے مزید رہنمائی طلب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت قومی ادبی و فکری ورثے کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات جاری رکھے گی۔ تقریب کے مہمان صدارت اظہار الحق نے کہا کہ کتاب ہمیشہ زندہ رہے گی، اگرچہ اس کی صورت وقت کے ساتھ تبدیل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نظریہ پاکستان اور پاکستانیت کے فروغ کے لیے اہل قلم کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور وطن دوستی کے راستے میں حائل رکاوٹوں کو اجتماعی شعور سے دور کرنا ہوگا۔ صدر نشین اکادمی ادبیات پاکستان ڈاکٹر نجیبہ عارف نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کی جنگ صرف سرحدوں تک محدود نہیں بلکہ ہر دل اور ہر اسکرین پر لڑی جا رہی ہے، اس لیے مضبوط اور مخلص قومی بیانیہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق نے پاکستانی قوم، پاسپورٹ اور ریاست کے وقار کو عالمی سطح پر بلند کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادیب کا ایک وطن اور ایک جغرافیہ ہوتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتا ہے۔ اسی جذبے کے تحت سیمینار کا انعقاد کیا گیا تاکہ ادب، قومی شعور اور حب الوطنی کے رشتے کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ معروف دانشور ڈاکٹر فاروق عادل نے کہا کہ ادب انسان میں اخلاقیات، برداشت اور مکالمے کی روایت پیدا کرتا ہے جبکہ انتہا پسندانہ رویے معاشروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ کتاب کلچر کے فروغ کے لیے کاغذ کی قیمت کم اور اشاعتی شعبے میں اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ مطالعہ عام ہو سکے۔ ڈاکٹر طلعت شبیر نے کہا کہ جدید دور میں جنگ صرف ہتھیاروں کی نہیں بلکہ بیانیے کی جنگ بھی ہے، اس لیے شاعر، ادیب اور لکھاری کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں کہ وہ سوشل میڈیا سمیت تمام ذرائع کے ذریعے وطنیت، امن اور امید کا مؤثر بیانیہ تشکیل دیں۔ ڈاکٹر وسیمہ شہزاد نے کہا کہ اپنی تہذیب و ثقافت سے دوری قومی شناخت کے لیے خطرہ بن رہی ہے۔

شال ب

تمام منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، مہراللہ بادینی

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

تمام محکموں اور اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور موثر ہم آہنگی کے ذریعے منصوبوں کو کامیابی سے مکمل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ اجلاس میں 12 کور، ایکسین بلڈنگز، پروگرام کوآرڈینیٹر، ڈی جی یونیورسٹی آف بلوچستان، بی ایس ڈی آئی، پی آئی یو اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران بی ایس ڈی آئی کے تحت ضلعے بھر میں جاری ترقیاتی اسکیمات، جاری منصوبوں کی پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے مختلف منصوبوں پر اب تک ہونے والی پیش رفت، درپیش بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

پاک فوج کی معرکہ حق بنیان المرصوص کے ایک سال مکمل ہونے پر چمن کے غیور قبائلی عوام کی طرف سے پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر ایک شاندار ریلی کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط کی منظوری کا معاملہ

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (آج) واشنگٹن میں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف سے 1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط کی منظوری کے معاملے پر ایگزیکٹو بورڈ کا اہم اجلاس (آج) جمعہ کو واشنگٹن میں ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پاکستان کے توسیعی فنڈ سہولت پروگرام کے تحت تیسرے اقتصادی جائزے، موسمیاتی تبدیلی سے متعلق ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) پروگرام کے دوسرے جائزے کی منظوری بھی متوقع ہے۔

پاکستان ریلوے کے 11 سے زائد افسران دیگر اداروں میں ڈیپوٹیشن پر پرکشش عہدوں پر فائز، واپسی سنگین صورتحال اختیار کر گئی

وزارت ریلوے کا افسران کو محکمے میں واپسی کیلئے خط ارسال، واپس رپورٹ نہ کرنے کارروائی کا عندیہ بھی بے سود ثابت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلویز کے 11 سے زائد افسران کرکٹ بورڈ سمیت دیگر اداروں میں ڈیپوٹیشن پر پرکشش عہدوں پر فائز ہونے کا انکشاف ہوا ہے جن کی واپسی نے سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق ریلوے انتظامیہ کی جانب سے افسران کو واپسی کیلئے لیٹرز ارسال کئے گئے لیکن کوئی بھی افسر واپس نہیں آیا، اس پر ریلوے انتظامیہ نے ڈیپوٹیشن پر جانے والے ریلوے افسروں کی واپسی کے لیے دوبارہ لیٹرز ارسال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نیچنگ ہسپتال کے دورے کے دوران ادویات مین اسٹور کا معائنہ کر رہے ہیں۔

عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر عمران مندوخیل نے قلعہ سیف اللہ بازار کا تفصیلی دورہ

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر عمران مندوخیل نے قلعہ سیف اللہ بازار کا تفصیلی دورہ اور معائنہ کیا تاکہ زائد المعیاد اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فروخت کی جانچ پڑتال کی جا سکے۔

تعلیم، صحت کے شعبے تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، عمر خان ترین

پشین (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین کمیٹی کا اجلاس ضلع صدر عمر خان ترین کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید اشراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار امجد خان ترین، اقبال خان بنے زئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی سیاسی سرگرمیوں کی فعالیت کا جائزہ لیا گیا۔

ڈیرہ غازی خان میں سکول کی چھت گرنے سے 3 بچے ہلاک ہو گئے

ڈی جی خان (این این آئی) ڈیرہ غازی خان میں سکول کی چھت گرنے سے 3 بچے ہلاک ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ڈیرہ غازی خان میں ریسکیو 1122 سکول کی چھت گرنے کی اطلاع موصول ہوئی جس پر ریسکیو حکام موقع پر پہنچے اور 8 لوگوں کو زندہ جبکہ 3 کی نعشیں نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا۔

ملازمین کے تحفظ، روزگار کے استحکام اور پیشہ ورانہ وقار کو یقینی بنایا جائے، بی یو جے

ٹی وی چینلز سے صحافیوں اور دیگر سٹاف کی برطرفیاں اور انہیں ذہنی کوفت و پریشانیوں سے دوچار کرنے کے اقدامات کسی صورت قبول نہیں۔

ٹی وی چینلز کے غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات اور ملازمین کو بے روزگار کرنے کے اقدامات کے خلاف بھرپور مزاحمت کی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے سماٹی وی میں تھرڈ پارٹی ایویلیوایشن کے نام پر ملازمین کے خلاف کئے گئے اقدامات کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، کابینہ و مجلس عاملہ کے اراکین نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک بھر کے صحافی اور میڈیا ورکرز پہلے ہی شدید ذہنی دباؤ، معاشی دباؤ اور ملازمتوں کے عدم تحفظ کی وجہ سے پیشہ ورانہ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے میں ملازمین کے خلاف "ایویلیوایشن" کے نام پر اقدامات کسی طور بھی قابل قبول نہیں اور ایسے اقدامات کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ رہنماں نے کہا کہ اگر اس عمل کو ملازمین کی برطرفیوں، مراعات میں کمی یا تنخواہوں کی کٹوتی کے لیے استعمال کیا بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ، قتل کے ملزم سابق رکن اسمبلی میر شہریار خان شرکی ضمانت کنفرم کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قتل کے ملزم سابق رکن اسمبلی میر شہریار خان شرکی ضمانت کنفرم کر دی۔ جمعرات کو دوران سماعت وکیل فاروق نائیک نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزاروں کی شکایت کنندہ سے سیاسی مخالفت ہے۔ ملزمان کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کہ حیران کن بات ہے کہ شکایت کنندہ کو خراش بھی نہیں آئی۔

کراچی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات ایک مرتبہ پھر ملتوی

کراچی (این این آئی) کراچی بار ایسوسی ایشن کے آج ہونے والے سالانہ انتخابات ایک مرتبہ پھر ملتوی کر دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمشنر عبدالستار ایڈووکیٹ نے تمام بیلٹ بیپرز واپس اٹھا لیے، بیلٹ بیپرز پولنگ اسٹیشنز سے باہر لے جانے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ 5 ماہ سے متعدد بار کراچی بار ایسوسی ایشن کے انتخابات ملتوی ہوئے، سندھ بار کونسل کی نگرانی میں آج کراچی بار ایسوسی ایشن کے الیکشن کا انعقاد ہو رہا تھا۔

بھارت، مارکس شیٹ میں ردوبدل کرنے پر والد نے 9 سالہ بیٹی کی جان لے لی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست مہاراشٹر میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں مارکس شیٹ میں ردوبدل کرنے پر 9 سالہ بچی کو اس کے والد نے مبینہ طور پر قتل کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ملزم شنکر رام دریو دھان چوہان کو اس کی ساتھی چنکی بھونسلے سمیت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تحقیقات کے مطابق بچی پر الزام تھا کہ اس نے اپنے سوتیلے بھائی کی مارکس شیٹ میں ردوبدل کی تھی جس کے بعد وہ کلاس میں دوسرے نمبر پر جبکہ اس کا سوتیلا بھائی پہلے نمبر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار عابد حسین بلوچ کک لگا کر جھالاوان سمر فیسٹیول کے سلسلے میں فٹبال میچ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

خاور مانیکا تشدد کیس، ملزم کی عدم پیشی پر عدالت برہم

عام بندے کے لیے الگ قانون اور وکیل کیلئے الگ قانون نہیں ہو سکتا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے خاور مانیکا پر تشدد کیس میں ملزم انصر کیانی کی عدم پیشی پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو جج طاہر عباس سپرا نے کیس پر سماعت کی، نعیم حیدر جعجوعہ تھا اور عثمان ریاض کی دہشت گردی کی دفعات کے حوالے سے دائر درخواست پر دلائل نہ ہو سکے۔ عدالت نے ملزم انصر کیانی کی عدم پیشی پر برہمی کا اظہار کرتے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

حماس رہنماء خلیل الحیہ کے بیٹے کی شہادت کی تصدیق

اسرائیلی حملوں میں جاں بحق خلیل الحیہ کے بیٹوں کی تعداد اب چار ہو چکی، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فضائی حملے میں زخمی ہونے کے بعد حماس کے سینئر رہنما باسم نعیم نے حماس کے غزہ میں سیاسی دفتر کے سربراہ اور مذاکراتی ٹیم کے اہم رکن خلیل الحیہ کے ایک بیٹے کی شہادت کی تصدیق کر دی۔ باسم نعیم نے جمعرات کے روز بتایا کہ عزام الحیہ گزشتہ رات ہونے والے اسرائیلی حملے میں زخمی ہوئے تھے اور بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔

ڈی سی چمن حبیب احمد دنگوئی پاک فوج کی آپریشن حق بنیان المرصوص کے ایک سال مکمل ہونے پر پاک آرمی کی بہادری جرات اور شجاعت کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای سے ملاقات

ملاقات اعتماد، عاجزی، گہرے خلوص سے بھرپور ماحول میں ہوئی، ایرانی صدر

میری سپریم لیڈر سے تقریباً ڈھائی گھنٹے ملاقات جاری رہی، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے ملاقات کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اس حوالے سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بتایا ہے کہ آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے میری ملاقات اعتماد، عاجزی، گہرے خلوص سے بھرپور ماحول میں ہوئی۔ انہوں نے بتایا ہے کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے انداز گفتگو، نقطہ نظر، نہایت عاجزانہ اور گہرے مخلصانہ رویے نے مجھے بہت متاثر کیا۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار عابد حسین بلوچ کک لگا کر جھالاوان سمر فیسٹیول کے سلسلے میں فٹبال میچ کا افتتاح کر رہے ہیں۔

ہماری سیکورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، چوہدری نعیم کرم

آپریشن بنیان مرصوص قومی اتحاد، استقامت اور دفاعی قوت کی علامت بن کر سامنے آیا ہے

دہشتگردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کسی بھی صورت کامیاب ہونے نہیں دیں گے

کوئٹہ (آن لائن) فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کرم نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص قومی اتحاد، استقامت اور دفاعی قوت کی علامت بن کر سامنے آیا ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے دشمن کو دھول چاٹنے پر مجبور کر دیا، معرکہ حق سے واضح ہوا کہ آئندہ کسی بھی مہم جوئی کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ شدید اور فیصلہ کن ہوگا ہماری بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پاکستان کی بقا اور ترقی قومی یکجہتی سے وابستہ ہے، سابق سربراہ بلوچستان تھنک ٹینک

نوجوان نسل ملک کا روشن مستقبل ہے اور انہیں قومی اقدار، اتحاد اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں معرکہ حق کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں قومی پرچم کشائی کی گئی۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، سابق ہیڈ آف بلوچستان تھنک ٹینک بریگیڈیئر (ر) آغا احمد گل، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکا نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی اور وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

جامعہ گوادر میں اعلیٰ سطحی تعلیمی اجلاس، تحقیق، ڈیجیٹل مہارتوں اور امتحانی تیاریوں پر زور

تمام شعبہ جات میں امتحانات کے شفاف، منظم اور مؤثر انعقاد کو یقینی بنایا جائے

گوادر (آن لائن) جامعہ گوادر کے وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں جامعہ سے متعلق اہم تعلیمی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، ڈین فیکلٹی اف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین فیکلٹی اف سائنس و انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ کے علاوہ مختلف شعبہ جات کے چیئرپرسنز اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔

ٹریڈ یونین رہنماں کا سلطان خان سے اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت

ندیم شاہ، تنویر نذیر، عبدالستار، شاہ علی بگٹی، سیف اللہ، شاہنواز علی باش، راسعید خٹک نے تعزیت کی

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سمیت ملک بھر کے ٹریڈ یونین رہنماں نے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائیں۔

پوری قوم اپنے بہادر سپاہیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، حاجی باز محمد خان دومڑ

افواج پاکستان ہماری بقا اور امن کی ضامن ہیں، اور یہ ریلی ہمارے قومی فخر کی علامت ہے

ہرنائی (آن لائن) ہرنائی: وطن عزیز کی سلامتی اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے کل ہرنائی کی تاریخ کی بڑی ریلی کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت عوام کی بڑی تعداد شریک ہوگی۔ ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے محافظوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور قومی یکجہتی کو اجاگر کرنے کے لیے کل 8 مئی بروز جمعہ کو ہرنائی میں ایک عظیم الشان "افواج پاکستان زندہ باد" ریلی نکالی جائے گی۔

مسک کی محبوبہ نے اپنے تعلقات اور بچوں کے بارے میں اہم راز بتا دیئے

مسک سے رومانوی تعلقات کا آغاز 2016ء میں ہوا، 4 بچے، 2 نہیں، شیوون زیلس

اوکلینڈ (این این آئی) امریکی شہر اوکلینڈ کی فیڈرل کورٹ میں ارب پتی ایلون مسک کی جانب سے کمپنی اوپن اے آئی کے خلاف دائر مقدمے کی گزشتہ دو ہفتوں سے جاری سماعت کے دوران، نیورالنک کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیوون زیلس نے اپنا بیان ریکارڈ کرایا ہے۔ 40 سالہ زیلس نے اپنی گواہی میں مسک کے ساتھ اپنے ذاتی اور پیشہ ورانہ تعلقات کی نوعیت کے حوالے سے اہم انکشافات کیے۔ اوپن اے آئی کی سابق مشیر نے بتایا کہ ان کے مسک سے 4 بچے ہیں۔

حجاج کی سہولت کیلئے 495 ملین ریال کے 10 سڑک منصوبے شروع

منصوبوں کا مقصد سڑکوں کے نیٹ ورک کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے، مکہ جنرل اتھارٹی

اس کے علاوہ طائف میں ایک کلومیٹر طویل رنگ روڈ کا منصوبہ بھی شامل ہے، جس کی لاگت 25 ملین ریال ہے

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ مکرمہ میں جنرل اتھارٹی برائے سڑکوں نے متعدد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے، جن میں 10 منصوبے شامل ہیں، جن کی مجموعی لاگت 495 ملین ریال سے زائد ہے۔ یہ افتتاحی تقریب علاقے کے امیر کی سرپرستی ان کے نائب کی موجودگی اور وزیر ٹرانسپورٹ و لاجسٹکس کی شرکت میں منعقد ہوئی۔ ان منصوبوں کا مقصد حج اور عمرہ کے موسموں میں سڑکوں کے نیٹ ورک کی کارکردگی کو بہتر بنانا اور ٹریفک کی روانی کو مؤثر بنانا ہے۔ ان منصوبوں میں متعدد اہم شاہراہوں کی دوہری کاری شامل ہے، جن کی مجموعی لمبائی 100 کلومیٹر سے زیادہ ہے۔ ان میں نمایاں منصوبہ حضن تربہ روڈ ہے، جس کی لمبائی 56 کلومیٹر اور لاگت 87 ملین ریال ہے۔ اس کے علاوہ رنیہ، خرمہ، ریاض، طائف ایکسپریس وے کا 22 کلومیٹر حصہ شامل ہے۔

سینیٹ قائمہ کمیٹی کا ادویات کی قیمتوں میں اضافے، فارمولا ملک مافیا کے کردار پر اظہار تشویش

31 ادویات کی قیمتوں میں 100 فیصد، 62 برانڈز کی قیمتوں میں 50 تا 100 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا، ڈریپ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی صحت نے ادویات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے اور فارمولا ملک مافیا کے کردار پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے سخت نگرانی اور قانون سازی کی ضرورت پر زور دیا۔ جمعرات کو سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے صحت کے اجلاس میں بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 16 اگست کو منعقد ہوگا جبکہ ایف ایس سی کے آخری امتحانات 20 جولائی کو مکمل ہوں گے۔ حکومت ایم ڈی کیٹ کی تیاری کروانیوالے مافیا کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ طلبہ کو شفاف اور منصفانہ نظام فراہم کیا جا سکے۔

امارات، ہیٹ اسٹروک کا شکار خاتون کو کندھوں پر اٹھا کر ریسکیو کرنیوالے پاکستانی کے چرچے

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں پاکستانی ہائیکنگ گائیڈ نے ہیٹ اسٹروک میں مبتلا خاتون کو اپنی پیٹھ پر اٹھا کر 3 گھنٹے طویل دشوار پہاڑی راستہ طے کر کے ریسکیو کیا۔ رپورٹ کے مطابق 43 سالہ ہائیکنگ گائیڈ فیصل شلمانی 25 اپریل کو راس الخیمہ گاؤں میں 16 ہائیکرز کو ہائیکنگ ٹریک پر لے کر جا رہے۔

بجٹ سازی میں اشرافیہ کے بجائے غریب اور پسماندہ طبقات کو ترجیح دینا ہوگی، عبدالقادر

اگر بجٹ میں بلوچستان کیلئے ترقیاتی منصوبوں، سڑکوں، نوجوانوں کیلئے روزگار اور صنعتی زونز پر توجہ نہ دی گئی تو احساس محرومی مزید گہرا ہو سکتا ہے۔

حکومت بجٹ کو صرف مالی دستاویز کے بجائے عوامی فلاح کا ذریعہ بنائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار و سینیٹر

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری ایسے وقت میں کی جا رہی ہے جب ملک کی بڑی آبادی شدید معاشی دباؤ، مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہی ہے گزشتہ چند برسوں میں اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے متوسط اور غریب طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے ایسے حالات میں عوامی توقعات صرف اعداد و شمار کے کھیل تک محدود نہیں بلکہ ایک ایسے بجٹ سے وابستہ ہیں جو حقیقی معنوں میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرے حکومت کو بجٹ سازی میں اشرافیہ کے بجائے غریب اور پسماندہ طبقات کو ترجیح دینا ہوگی۔ تنخواہ دار طبقہ پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

امریکا کا خلیج عمان میں ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنانے کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹکام نے خلیج عمان میں ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ امریکی سینٹکام کی جانب سے جاری بیان بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ، قتل کے مجرم کی عمر قید برقرار رکھنے کا فیصلہ

آپ اپنی شرافت سے پہلے بھی ہمیں گھما چکے ہیں، ملزم 10 سال گزار چکا کچھ باقی ہیں، نکل آئے گا، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قتل کے مجرم کی 14 سال قید کی سزا برقرار رکھتے ہوئے کیس نمٹا دیا۔ جمعرات کو جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس پر سماعت کی۔ وکیل صفائی نے کہا کہ تنازع ہوا، مقتول چھت پر تھا جبکہ فائرنگ نیچے سے کی گئی، جائے وقوعہ کا نقشہ بنانے والے نے نہ چھت دکھائی، نہ سیڑھی۔ جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ نقشہ بنانے والا کوئی آرکیٹیکٹ تھوڑی تھا، غریب نے اپنی پوری کوشش کی، آپ اپنی شرافت سے پہلے بھی ہمیں گھما چکے ہیں۔ بنچ نے کہا کہ گواہ اور طبی رپورٹ موجود ہیں، ٹرائل کورٹ اور ہائیکورٹ نے عمر قید کی سزا رکھی۔ وکیل کا کہنا تھا کہ مقدمے میں جو بیان کیا جا رہا ہے، ایسا ہوا ہی نہیں، مقدمے میں کہا بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے محب وطن عوام اپنے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ظہور بلیدی

''معرکہ حق'' قومی یکجہتی، شعور و آگاہی اور نوجوان نسل میں مثبت سوچ کو فروغ دینے کی ایک اہم کاوش ہے

فکری و تعلیمی سرگرمیاں معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کا مؤثر ذریعہ ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف اسٹیلینس حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام "معرکہ حق" کے عنوان سے ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلباء و طالبات اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی مخاطب کرتے کہا کہ ''معرکہ حق'' قومی یکجہتی، شعور و آگاہی اور نوجوان نسل میں مثبت سوچ کو فروغ دینے کی ایک اہم کاوش ہے۔ اور جس طرح پاک افواج نے معرکہ حق میں ازلی دشمن ہندوستان کو عبرت ناک شکست دے کر پوری دنیا میں اسکی اصل حقیقت آشکارا کر دی اور بلوچستان کے محب بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار سجاد صدیق کے بجلی کے میٹر لگوا دیے گئے۔

کوئٹہ (خ ن) درخواست گزار سجاد صدیق نے بتایا کہ کیسکو والے شک کی بنیاد پر ان کے دونوں میٹر اتار کر لے گئے تھے۔ بار بار کیسکو آفس جا کر صفائی پیش کی لیکن سب بے سود رہا۔ درخواست گزار کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔

پنجگور میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور فیض محمد چوک کے قریب واقع ڈیزل کی ڈپو میں ڈکیتی کی واردات مزاحمت پر ایک شخص زخمی ڈاکو دو لاکھ روپے لوٹ کر لے گئے عینی شاہدین کے مطابق ملزمان ایک ایگزیو گاڑی میں سوار تھے جنکی تعداد دو تھی ڈپو میں آتے ہی مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دو لاکھ روپے چھین لیا اور مزاحمت پر ڈپو میں موجود عطاء اللہ ولد باز محمد قوم پٹھان ساکن نیو کلی کوئٹہ پر فائرنگ کی۔

ادویات سکینڈل میں ملوث دو ملزمان جسمانی ریمانڈ پر نیب کے سپرد

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری ادویات سکینڈل میں گرفتار ملزم ڈاکٹر محمد اسلام کو احتساب عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ نیب پراسیکیوٹر حبیب اللہ بیگ نے کہا کہ ملزم محمد اسلام کارڈیک کیٹیلیشن ہے، ملزم کو ادویات سکینڈل میں ملوث ہونے پر نیب نے گرفتار کیا۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ملزم نے دیگر ملزمان کی ملی بھگت سے نجی کمپنی کے حق میں 220.7 ملین روپے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

24 مئی کو ژوب کی سرزمین ایک اہم عوامی اجتماع کی گواہ بننے جا رہی ہے، مرتضیٰ خان کاکڑ

جہاں جماعت اسلامی بدل دو نظام کے نعرے کے تحت ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ 24 مئی کو ژوب کی سرزمین ایک اہم عوامی اجتماع کی گواہ بننے جا رہی ہے، جہاں جماعت اسلامی بدل دو نظام کے نعرے کے تحت ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد کرے گی۔ اس جلسے میں جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن، صوبائی امیر ایم پی ایمولانا ہدایت الرحمان بلوچ سمیت صوبائی قیادت بھی خصوصی شرکت کرے گی۔

پاکستان کو آئی ایم ایف سے 200 ملین ڈالر ملنے کا امکان

پاکستان نے کلائمیٹ ایکشن کیلئے مالی وسائل و بجٹ ترجیحات موقف پیش کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو آئی ایم ایف کے ریزیلینس اینڈ سسٹینیبلٹی فیسلٹی پروگرام کے تحت 200 ملین ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے کلائمیٹ ایکشن کیلئے مالی وسائل اور بجٹ ترجیحات پر اپنا موقف پیش کر دیا ہے اور ماحولیاتی منصوبوں کیلئے بین الاقوامی مالی معاونت بڑھانے پر مشاورت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف بورڈ کا اہم اجلاس (آج) جمعہ کو متوقع ہے جس میں پاکستان سے متعلق اہم فیصلے کا امکان ہے۔

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض سبی کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کر رہے ہیں۔

ہم تعلیم کے میدان میں کسی قسم کی کمی نہیں آنے دیں گے، شیخ بلال مندوخیل

میری اولین ترجیح ہے کہ ژوب میں جدید تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے

بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں تعلیم کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، سینیٹر

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ممبر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور وزیر پاکستانی وکامرس کمیٹی، سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) اسلام آباد کے ریکٹر اور رجسٹرار سے متعدد اہم ملاقاتیں کیں، جو گزشتہ کئی ماہ سے مختلف نشستوں کی صورت میں جاری رہیں۔ ان ملاقاتوں میں بالخصوص بلوچستان، خصوصاً ضلع ژوب کے نوجوانوں اور طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے، تعلیمی سہولیات میں بہتری لانے اور تکنیکی تعلیمی منصوبوں کے قیام جیسے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذاکرات کے دوران دونوں جانب سے مثبت پیش رفت سامنے آئی اور مختلف تجاویز پر سنجیدگی سے غور کیا گیا۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ظہور احمد بلوچ ضلعی انتظامیہ گوادر کے زیر اہتمام منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

190 ملین پاؤنڈز کیس، بانی پی ٹی آئی کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا منظور

بانی پی ٹی آئی اور بش